PR NO29

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی مداخلت پر آئیسکو نے ایک آڈٹ کمپنی کو 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے ادا کر دیئے

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے آئیسکو نے ایک آڈٹ کمپنی کو تین سال بعد 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے کا چیک دے دیا ہے جس پر کمپنی نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو نہ جانے آئیسکو کب تک ان کو چکر لگواتی رہتی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے حسین چوہدری اینڈ کمپنی نامی ایک پرائیویٹ آڈٹ کمپنی کے ساتھ فروری 2021ء میں آئیسکو کا 2014ء سے 2020ء تک آڈٹ کرنے کا معاہدہ کیا۔ کمپنی نے اگست 2021ء میں آڈٹ رپورٹ ایجنسی کو پیش کر دی لیکن کمپنی کو مختلف حیلوں سے ادائیگی میں تاخیر کی جاتی رہی۔ کمپنی نے 30 اکتوبر 2023ء کو وفاقی محتسب سے مداخلت کی درخواست کی۔ وفاقی محتسب میں کیس کی پانچ سماعتوں کے بعد 18 دسمبر 2023ء کو وفاقی محتسب نے کمپنی کو معاہدے کے مطابق ادائیگی کا حکم دے دیا۔ وفاقی محتسب کے فیصلے کے بعد بھی ایجنسی مختلف بہانوں سے ٹال مٹول کرتی رہی بالآخر ڈپٹی ایڈوائزر (عملدرآمد ونگ) پرویز حلیم راجپوت کی کوششوں سے آئیسکو نے شکایت گزار کو 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے کا چیک دے دیا ہے جس پر شکایت گزار کمپنی کے نمائندگان نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266
20 جون 2024ء